© rasailojaraid.com


# مطبوعات

**دعوات حق** افادات شیخ الحدیث مولانا عبد الحق مہتمم دار العلوم حقانیہ

ضبط و ترتیب : مولانا سمیع الحق صاحب

شائع کردہ : مؤتمر المصنفین، دار العلوم، حقانیہ اکوڑہ خٹک ۔ پشاور۔

صفحات : ۶۷۱ قیمت : -/۳۰ روپے

یہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، صدر دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے مواعظ کا مجموعہ ہے جسے اُن کے فرزند ارجمند نے بڑے سلیقے کے ساتھ ترتیب دیا ہے ۔ یہ خطبات اسرار عبادات و اخلاق، اصلاح معاشرہ اور اصلاحِ ظاہر و باطن کا قابل قدر مرقع ہیں ۔ ان خطبات میں تیر و نشتر بھی ہیں اور سوز و گداز بھی اور انداز بیان اتنا سہل اور آسان ہے کہ ان سے مسلمانوں کا ہر طبقہ فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

یہ خطبات جس عالمِ دین نے دیے ہیں ہم ان کی دینی بصیرت کے اعتراف کے باوجود اُن کے نظریہ عالمِ انسانیت کی تدریجی ترقی صفحہ ۲۴۰ - ۲۴۱ سے اتفاق نہیں کر سکتے ۔ معاشرتی ارتقاء کا یہ نظریہ غلط ہے اور اِس نظریے سے ختم نبوت کی دلیل لینا کسی اعتبار سے بھی صحیح نہیں ۔ اہل مغرب نے تاریخ انسانی کے مختلف اَدوار کو طفولیت، بچپن، شباب، کہولت میں جو تقسیم کیا ہے تو اس کی تہ میں مادی ترقی کا تصور کار فرما ہے ۔ مسلمان مفکرین کی کس قدر سادگی ہے کہ مادی ترقی کی ان مختلف منازل سے اب وہ نبوت کے مدارج متعین کر رہے ہیں ۔ ہمیں اُمید ہے کہ فاضل خطیب اِس حصے پر نظر ثانی فرما کر اسے درست کر دیں گے۔

معیارِ کتابت و طباعت عمدہ ہے ۔ زبان میں البتہ جھول ہیں جو دُور ہونے چاہییں۔

---

**انجمن سازی** مصنف: حفیظ عبد الکریم ۔ ایم اے ۔ ایل ۔ ایل ۔ بی (گولڈ میڈلسٹ)

ناشر: کفایت اکیڈمی ۔ آسٹن ل او جھا روڈ ۔ مقابل اُردو بازار ۔ کراچی ۔

صفحات : ۱۴۸ قیمت : -/۶ روپے

زیرِ نظر کتاب جیسا کہ عنوان سے ظاہر ہے، ”انجمن سازی“ کے بارے میں ضروری مواد فراہم کرتی

© rasailojaraid.com